www.saharaexpressdaily.com saharaexpressdelhi123@gmail.com ● saharaexpress123@gmail.com ● saharaexpressnews@gmail.com

روزنامہ سہارا ایکسپریس دہلی

SAHARA EXPRESS,DELHI

Urdu Daily Published From
Delhi,Patna&Ranchi

No-1 SE

TITLE APPLY Vol:01 Issue:191 18.07.2025 **FRIDAY** Re.02 Page:08

جلد نمبر:01 شمارہ:۱۹۱/جمعہ/۱۸/جولائی ۲۰۲۵/مطابق/۲۲/محرم الحرام/۱۴۴۷ھ/ صفحات:08




# تبلیغی جماعت سے وابستہ 70 افراد کے خلاف درج ایف آئی آر کالعدم



نئی دہلی، 17 جولائی (یو این آئی) دہلی میں 2020 میں کورونا وبا کے دوران کورونا سے متعلق پابندیوں کی خلاف ورزی کے الزام میں تبلیغی جماعت سے وابستہ 70 افراد پر درج ایف آئی آر دہلی ہائی کورٹ نے منسوخ کر دی۔ وکیل آشیما منڈلا نے کہا، "دہلی ہائی کورٹ نے مارچ 2020 میں تبلیغی جماعت کے ایک مذہبی پروگرام کے دوران کورونا سے متعلق پابندیوں کی خلاف ورزی کرنے پر 70 ہندوستانی شہریوں کے خلاف درج ایف آئی آر کو منسوخ کر دیا ہے۔" وکیل نے کہا، "ان لوگوں پر کورونا پھیلانے کا بھی الزام تھا۔ تبلیغی جماعت کے وکیل نے دلیل دی کہ یہ لوگ صرف رہائش اور قیام کی سہولت فراہم کر رہے تھے۔ جہاں تک بیماری پھیلانے کے الزام کا تعلق ہے، وکیل نے عدالت کو بتایا کہ چارج شیٹ میں کہیں بھی یہ نہیں لکھا گیا کہ ان 70 افراد میں سے کسی کو کووڈ 19 تھا۔ جب کسی کو یہ بیماری نہیں تھی تو وہ کیسے پھیل سکتا تھا۔" مرکز اس وقت کورونا وائرس ہاٹ سپاٹ کے طور پر ابھرا تھا جب مذہبی اجتماع میں شرکت کرنے والے 24 افراد میں کورونا مثبت پایا گیا تھا۔ 24 مارچ 2020 سے 30 مارچ 2020 کے درمیان وبائی امراض کے دوران مختلف مساجد میں غیر ملکی شہریوں کو مبینہ طور پر رہائش دینے کے الزام میں 16 ایف آئی آر میں نامزد 70 ملزمان پر تعزیرات ہند (آئی پی سی) کی مختلف دفعات کے تحت فرد جرم عائد کی گئی تھی۔ واضح رہے کہ کرائم برانچ نے 955 غیر ملکی جماعتیوں کے خلاف فارنرز ایکٹ، ڈیزاسٹر مینجمنٹ ایکٹ، وبائی امراض ایکٹ اور تعزیرات ہند کی مختلف دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا تھا۔ گزشتہ سال اگست میں، بامبے ہائی کورٹ کی اورنگ آباد بنچ نے اسی معاملے میں 29 غیر ملکی شہریوں اور چھ ہندوستانیوں کے خلاف درج ایف آئی آر کو یہ کہتے ہوئے خارج کر دیا تھا کہ انہیں قربانی کا بکرا بنایا گیا تھا اور ان کے خلاف کارروائی شہریت (ترمیمی) قانون کے خلاف مظاہروں کے بعد ہندوستانی مسلمانوں کے لیے بالواسطہ انتباہ ہے۔ تبلیغی جماعت کے پروگرام کی میڈیا کوریج پر ایک درخواست کی سماعت کرتے ہوئے، سپریم کورٹ کے چیف جسٹس ایس اے بوبڈے کی سربراہی میں تین ججوں کی بنچ نے کہا کہ حالیہ دنوں میں اظہار رائے کی آزادی کا سب سے زیادہ غلط استعمال ہوا ہے۔ عدالت نے یہ تبصرہ جمعیۃ علما ہند کی ایک درخواست کی سماعت کرتے ہوئے کیا جس میں کہا گیا تھا کہ میڈیا کا ایک حصہ تبلیغی جماعت کے معاملے کو لے کر فرقہ وارانہ منافرت پھیلا رہا ہے۔ اس کے ملک کی متعدد عدالتوں نے تبلیغی جماعت کو کورونا پھیلانے کے الزام سے بری کر دیا تھا۔

# ہندوستان نے بنگلہ دیش میں جمہوری انتخابات کا خیر مقدم کیا

نئی دہلی، 17 جولائی (یو این آئی) ہندوستان نے کہا ہے کہ وہ بنگلہ دیش میں منصفانہ اور جمہوری انتخابات کا خیر مقدم کرتا ہے۔ وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے جمعرات کے روز پریس بریفنگ میں سوالوں کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ ہندوستان کا موقف پہلے ہی واضح ہے۔ جمہوری ملک ہونے کے ناطے ہم بنگلہ دیش میں انتخابات کی حمایت کرتے ہیں۔ یہ انتخابات سب کی شمولیت اور شرکت سے ہونے چاہئیں۔ بنگلہ دیش کے گوپال گنج میں تشدد کے حالیہ واقعات اور مشہور فلم ساز اور ادیب ستیہ جیت رے کی آبائی جائیداد سے متعلق بنگلہ دیش حکومت کے موقف میں تبدیلی کے سلسلے میں پوچھے گئے سوال پر ترجمان نے کہا کہ ہندوستان اس علاقے میں ہونے والی تمام پیش رفت پر گہری نظر رکھتا ہے اور حسب ضرورت کارروائی کرتا ہے۔ ستیہ جیت رے کی جائیداد سے متعلق سوال پر انہوں نے صرف اتنا کہا کہ حکومت نے اس سلسلے میں بنگلہ دیش کی وزارت خارجہ کی طرف سے جاری پریس ریلیز کو دیکھا ہے۔ بنگلہ دیش کی حکومت نے اس معاملے میں اپنا موقف تبدیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ عمارت کبھی ستیہ جیت رے کے خاندان کی نہیں تھی۔ واضح رہے کہ ایک دن قبل ہندوستان نے بنگلہ دیش کے میمن سنگھ میں واقع مشہور فلم ساز اور مصنف ستیہ جیت رے کی آبائی جائیداد کو مسمار کرنے پر افسوس کا اظہار کیا تھا اور بنگلہ دیش کی حکومت سے کہا تھا کہ وہ اپنے فیصلے پر نظر ثانی کرے اور اس جگہ کو میوزیم بنانے پر غور کرے۔ ہندوستان نے کہا ہے کہ وہ اس مقصد کو پورا کرنے کے لیے تعاون کرنے کو تیار ہے۔









